یہ مقالہ تین ابواب پر مشتمل ہے:

- ☆ باب اول میں علم الفرائض کا تعارف واہمیت اور مبادیات علم الفرائض کو بیان کیا گیا ہے۔
- ☆ باب دوم میں علم الفرائض سے متعلق اختلافی مسائل کو مذاہب فقہ کی روشنی میں مختصراً بیان کیا گیا ہے۔
- ☆ باب سوم میں ذوی الفروض کے حصص، ذوی الارحام، کلالہ، وصیت کے مسائل، یتیموں کے حقوق کو زیر بحث لایا گیا ہے۔

مقالہ ہذا میں جن اردو تفاسیر کو خصوصاً مد نظر رکھا گیا ہے ان میں تفسیر فتح المنان از عبدالحق حقانی، معارف القرآن از مفتی محمد شفیع، تفسیر ضیاء القرآن از پیر محمد کرم شاہ الازہری، تدبر قرآن از امین احسن اصلاحی، تفہیم القرآن از ابوالاعلیٰ مودودی اور تبیان القرآن از غلام رسول سعیدی شامل ہیں۔